## آپ کی نیشنل کوالیفیکیشنز 22-2021

ہم جانتے ہیں کہ کووڈ-19 کی وجہ سے آپ کی تعلیم میں جاری خلل پریشان کن ہے، اور اب اس پریشانی میں اضافہ کرنے کے لیے پہلی بار قومی امتحانات (نیشنل ایگزامز) میں بیٹھنے کی سوچ بھی ہے۔ لیکن جب آپ کے پاس اس بارے میں معلومات ہوں کہ کیا ہو رہا ہے تو ذہنی دباؤ والے واقعات سے نمٹنا آسان ہوتا ہے۔ یہ کتابچہ آپ کو بتاتا ہے کہ اپنا کورس ورک مکمل کرتے وقت آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے۔ اس میں اس بارے میں بھی مفید معلومات ہیں کہ نیشنل 5، ہائر اور ایڈوانسڈ ہائر کے امتحانات کی تیاری کیسے کی جائے اور اگر امتحانات کینسل (منسوخ) ہو جاتے ہیں تو پھر کیا ہو گا۔

آپ کے ٹیچرز یا لیکچررز آپ کو یہ سب سمجھانے میں مدد کر سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے آپ یہ کتابچہ اپنے والدین یا دیکھ بھال کرنے والوں کو بھی دکھانا چاہیں تا کہ ان کو تازہ ترین معلومات سے آگاہ رکھنے میں مدد ملے۔

## 2022کے لیے پانچ چیزیں جو آپ کو جاننے کی ضرورت ہے۔

- موجودہ منصوبہ یہ ہے کہ 2022 میں امتحانات ہوں۔
- SQAنے پہلے ہی 22-2021 کے لیے آپ کی کورس اسیسمنٹس (کورس کے جائزوں) میں تبدیلیاں کر دی ہیں جو آپ کے سیکھنے میں خلل کی موجودہ سطحوں کو مدنظر رکھتی ہیں۔ اگر اس سال سیکھنے اور سکھانے میں مزید قومی خلل واقع ہوتا ہے، تو ہو سکتا ہے کہ ہم آپ کو آپ کے امتحانات کے لیے دہرائی کرنے میں مدد کے لیے معلومات فراہم کریں۔
- اگر، پبلک ہیلتھ (صحت عامہ) کی پابندیوں کی وجہ سے، سکاٹش حکومت 2022 کے امتحانات کو کینسل کرنے کا فیصلہ کرتی ہے تو آپ کا ٹیچر یا لیکچرر آپ کے ہر مضمون کے لیے ایک پروویژنل (عارضی) نتیجے کا فیصلہ کرے گا۔
- آپ کا پروویژنل نتیجہ سال کے دوران آپ کے اسیسمنٹ ورک (جائزے کے کام) پر مبنی ہو گا، اس لیے آپ کے پروویژنل نتیجے کا تعین کرنے کے لیے آپ کو کسی بھی اضافی اسیسمنٹس میں بیٹھنے کے لیے نہیں کہا جانا چاہیے۔
- اگر آپ کو اضافی مدد (ایڈیشنل سپورٹ) کی ضرورت ہے تو مدد دستیاب ہے۔ ان انتظامات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اپنے ٹیچر یا لیکچرر سے بات کریں۔

## نیشنل کوالیفیکیشنز کیا ہیں؟

نیشنل کوالیفیکیشنز سکاٹ لینڈ میں طالب علم زیادہ تر سیکنڈری سکولوں اور کالجوں میں اور کچھ تربیت فراہم کرنے والوں سے حاصل کرتے ہیں۔ آپ غالباً مندرجہ ذیل نیشنل کوالیفیکیشنز میں سے کچھ کے لیے تعلیم حاصل کر رہے ہوں گے:

- **نیشنل 1 یونٹس اور نیشنل 2 سے نیشنل 4 کورسز** میں آپ کا ٹیچر یا لیکچرر 'پاس' یا 'فیل' کے طور پر اسیسمنٹ کرتا ہے۔
- **نیشنل 5، ہائر اور ایڈوانسڈ ہائر کورسز** میں کورس اسیسمنٹس ہوتی ہیں۔ ان میں عام طور پر کورس ورک اور سال کے اختتام پر امتحان شامل ہوتا ہے جس کے SQA نمبر لگاتا ہے اور جسے A سے D تک کا گریڈ دیا جاتا ہے۔
- **سکلز فار ورک کورسز** (کام کے لیے مہارتوں کے کورسز) عمومی مہارتوں پر توجہ مرکوز کرتے ہیں جن کی کام کی جگہ پر کامیابی کے لیے ضرورت ہوتی ہے اور ان کی عام طور پر کئی مختلف قسم کی عملی سرگرمیوں کے ذریعے اسیسمنٹ کی جاتی ہے۔
- **سکاٹش بیکا لاریئٹس** سیکھنے والوں کے لیے S5اور S6 میں دستیاب ہیں۔ وہ ہائر اور ایڈوانسڈ ہائر کی کوالیفیکیشنز کے ایک گروپ اورایک مختلف مضامین کے (انٹرڈسپلنری) پراجیکٹ پر مشتمل ہوتے ہیں جنہیں A سے D تک کا گریڈ دیا جاتا ہے (امتحانات کی طرح)۔ یہ کوالیفیکیشنز سیکھنے والوں کو پہل کرنے، ذمہ داری، اور آزادانہ کام کرنے کی صلاحیتوں کو فروغ دینے اور اس کا ثبوت دکھانے کے قابل بناتی ہیں۔

## اضافی مدد (ایڈیشنل سپورٹ)

اگر آپ کو سال کے دوران یا امتحان کے وقت ایڈیشنل سپورٹ کی ضرورت ہے تو آپ کا سکول، کالج یا تربیت فراہم کرنے والا آپ کو اس بات کا مساوی موقع فراہم کرنے کے انتظامات کر سکتا ہے کہ آپ دکھا سکیں کہ آپ کیا جانتے ہیں اور آپ کیا کر سکتے ہیں۔

اگر آپ ان انتظامات کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں، تو یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے ٹیچر یا لیکچرر سے جلد از جلد بات کریں تا کہ وہ اسیسمنٹ کے مناسب ترین انتظامات کے بارے میں آپ سے بات کر سکیں اور یہ یقینی بنا سکیں کہ ان پر عمل کیا جاتا ہے۔ اگر آپ چاہیں تو، آپ کے والدین یا دیکھ بھال کرنے والے آپ کی طرف سے آپ کے ٹیچر یا لیکچرر سے بات کر سکتے ہیں۔

## نیشنل 5، ہائر اور ایڈوانسڈ ہائر کے امتحانات

سکاٹش حکومت نے اعلان کیا ہے کہ نیشنل 5، ہائر اور ایڈوانسڈ ہائر کے امتحانات اگلے سال اپریل سے جون تک ہوں گے، بشرطیکہ ایسا کرنا محفوظ ہو۔ آپ میں سے زیادہ تر کے لیے 2020 اور 2021 کے بعد یہ ایک نیا تجربہ ہو گا جب امتحانات کینسل کر دیے گئے تھے۔

عالمی وبا کی وجہ سے ہونے والے خلل کی وجہ سے ہم نے کورس اسیسمنٹس میں تبدیلیاں کی ہیں۔ مثال کے طور پر، کچھ مضامین میں ہم نے امتحان یا کورس ورک کے عناصر کو ختم کر دیا ہے یا کم کر دیا ہے۔ دیگر مضامین میں ہم نے کورس کے کچھ حصوں کو ختم کر دیا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کی ایک 'عام' سال کے مقابلے میں کم اسیسمنٹ ہونی چاہیے تا کہ سیکھنے اور سکھانے کے لیے زیادہ وقت ہو۔ اپنے مضامین کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اپنے ٹیچر یا لیکچرر سے بات کریں یا www.sqa.org.uk/nqmodifications پر جائیں۔

ہم ان معلومات کو بھی دیکھ رہے ہیں جو ہم آپ کو اس صورت میں دے سکتے ہیں اگر خلل کی سطح ہمارے پاس پہلے سے موجود سے کہیں زیادہ بڑھ جائے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو ہو سکتا ہے کہ ہم آپ کی دہرائی میں مدد کرنے اور امتحانات سے پہلے ذہنی دباؤ کو کم کرنے میں مدد کے لیے اضافی مدد فراہم کرنے کے قابل ہوں۔

سکاٹش حکومت صحت عامہ کے خطرات کی نگرانی کرے گی اور فیصلہ کرے گی کہ آیا امتحانات کو کینسل کیا جائے یا نہیں۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو، ٹیچرز اور لیکچررز پرووژنل نتائج کا فیصلہ کرنے کے لیے آپ کے اسیسمنٹ کے ثبوت استعمال کریں گے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کا ٹیچر آپ کے گریڈ کا تعین سیشن کے دوران ہونے والی اسیسمنٹس کی بنیاد پر کرے گا، جیسا کہ پریلمز (ابتدائی امتحانات)، عملی سرگرمیاں، کارکردگیاں (پرفارمینسز) اور کلاس ٹیسٹس جو کورس کے بارے میں آپ کی مہارتوں، علم اور سمجھ بوجھ کو بہترین طریقے سے ظاہر کرتے ہیں۔

## کورس ورک

کورس ورک کی مختلف قسمیں ہیں، بشمول پورٹ فولیوز، پریکٹیکلز، پرفارمنسز، اسائنمنٹس اور پراجیکٹس۔ آپ جو قسم کریں گے اس کا انحصار اس کورس پر ہو گا جو آپ پڑھ رہے ہیں۔

کورس ورک آپ کو یہ ظاہر کرنے کا کہ آپ اپنے مضمون کو جانتے ہیں اور نمبر حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے جو آپ کے فائنل گریڈ میں فرق ڈال سکتے ہیں۔ کورس ورک کے ہر حصے کے مختلف تقاضے ہوں گے – آپ کا ٹیچر یا لیکچرر آپ کو ان کے بارے میں بتائیں گے۔

کچھ قواعد (رولز) اور ضروری معلومات ہیں جو آپ کو اپنے کورس ورک کے بارے میں جاننے کی ضرورت ہے۔ یہ ضروری ہے کہ آپ قواعد کو سمجھتے ہوں کیونکہ وہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہیں کہ کورس ورک کی اسیسمنٹس ہر ایک کے لیے منصفانہ ہیں۔

اگر آپ قواعد کو نہیں سمجھتے تو اپنے ٹیچر یا لیکچرر سے بات کریں۔ وہ آپ کو یہ بھی بتا سکتے ہیں کہ اگر آپ قواعد کی خلاف ورزی کرتے ہیں تو کیا ہو سکتا ہے۔

آپ کو www.sqa.org.uk/learnersپر بھی بہت سی مفید معلومات ملیں گی

## اپنا کورس ورک کرنا

### ذرائع

آپ اپنے کام میں مدد کے لیے کتابیں، انٹرنیٹ اور ٹی وی سمیت بہت سے مختلف ذرائع استعمال کر سکتے ہیں۔ مختلف ذرائع کا استعمال کرنا، سیکھنے کا ایک بہترین طریقہ ہے۔

آپ صرف دوسرے ذرائع سے معلومات کاپی نہیں کر سکتے اور اسے اس طرح شامل نہیں کر سکتے جیسے یہ آپ کا اپنا کام ہو۔ آپ کو دوسرے ذرائع سے استعمال کیے جانے والے تمام مواد کو نوٹ کرنا چاہیے تا کہ یہ واضح ہو کہ کون سا کام آپ کا اپنا نہیں ہے۔ آپ کا ٹیچر یا لیکچرر آپ کو بتا سکتا ہے کہ یہ کیسے کریں، لیکن یہاں چند نکات ہیں:

- کوئی بھی ٹیکسٹ جو دوسرے ذرائع سے آئی ہو اُس کے ارد گرد 'کوٹیشن مارکس (واوین)' استعمال کریں، اور واضح طور پر نشاندہی کریں کہ وہ ٹیکسٹ کہاں سے آئی ہے۔
- آپ کو کسی بھی ایسے خاکوں یا تصویروں کا حوالہ دینے کی بھی ضرورت ہے جو آپ نے دوسرے ذرائع سے استعمال کیے ہیں۔
- اگر آپ کو ضرورت ہو تو ایک فہرست کتب (ببلیوگرافی) (آپ کے استعمال کردہ ذرائع کی فہرست) تیار کریں۔ یہ آپ کے کام کے اختتام پر جائے گی۔

## چربہ سازی (پلیجرزم)

آپ کو یہ دکھاوا نہیں کرنا چاہیے کہ دوسرے لوگوں کا کام آپ کا اپنا ہے۔ دوسرے لوگوں کے کام اور خیالات کو اپنے کام کے طور پر پیش کرنا 'پلیجرزم ' کہلاتا ہے اور یہ دھوکہ دہی ہے۔

اگر آپ اُس طرح سے ذرائع کا حوالہ نہیں دیتے جس طرح اوپر وضاحت کی گئی ہے تو یہ بھی پلیجرزم ہے۔

یہ آپ کا اپنا کام نہیں ہے اگر:

- اس میں سے تمام یا کچھ کسی اور نے تیار کیا ہے، یا اُس نے اس پر کام کیا ہے۔
- یہ کسی ایسے شخص نے کیا ہے جس نے ماضی میں اسی طرح کا کورس ورک تیار کیا ہے۔
- یہ مثالی کام ہے جو آپ کے ٹیچر یا لیکچرر نے تیار کیا ہے، یا
- آپ نے اسے اپنے الفاظ میں ڈالنے کی کوشش کیے بغیر کسی کتاب، ویب سائٹ یا کسی مضمونوں کے مجموعے (ایسے بینک) سے کاپی کیا ہے

## ملی بھگت (کلوژن)

جب آپ کو اکیلے کام کرنا چاہیے اُس وقت دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرنا 'کلوژن' کہلاتا ہے۔ یہ مدد دینے، مدد حاصل کرنے، اور فائلیں، پاس ورڈز اور کاغذات ایک دوسرے کو فراہم کرنے پر لاگو ہوتا ہے۔

کلوژن میں ملوث ہر شخص قواعد کی خلاف ورزی کر رہا ہے – نہ کہ صرف وہ شخص جس نے مدد طلب کی ہے۔ اگر کوئی دوسرا طالب علم (مثال کے طور پر، آپ کی کلاس میں سے کوئی) آپ سے مدد مانگتا ہے، تو آپ کو اسے بتانا چاہیے کہ وہ ٹیچر یا لیکچرر سے بات کرے۔

اگر آپ کسی گروپ کے حصے کے طور پر کام کر رہے ہیں (مثال کے طور پر، ایک گروپ پراجیکٹ)، تو آپ کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ آپ جو تحریری کام گروپ ورک کے حصے کے طور پر فراہم کرتے ہیں وہ آپ کا اپنا ہے۔

اگر آپ کو کورس ورک میں مشکل پیش آ رہی ہے تو اپنے ٹیچرز اور لیکچررز سے مشورہ طلب کریں۔ آپ کے کورس ورک کی بحث یا نظرثانی میں، کسی بھی مرحلے پر، کوئی بھی دوسرا شخص شامل نہیں ہو سکتا۔

## یہ خطرہ مول نہ لیں

پلیجرزم اور کلوژن کا پتہ لگانا مشکل نہیں ہے۔

- ٹیچرز اور لیکچررز آپ کے کام سے واقف ہیں اور آپ کے لکھنے کے انداز اور آپ کی استعمال کی جانے والی زبان میں تبدیلیوں کو بھانپ سکتے ہیں۔
- مارکرز (نمبر لگانے والے) اپنے مضمون کو بہت اچھی طرح سے جانتے ہیں، اس لیے وہ بہت سے ذرائع سے واقف ہوتے ہیں۔
- ہم ایسا سافٹ ویئر استعمال کرتے ہیں جو پلیجرزم اور کلوژن کی نشاندہی کرتا ہے۔ یہ سافٹ ویئر کاپی کیے گئے فقروں اور ٹیکسٹ کا جوڑ ان ذرائع میں تلاش کرتا ہے جن سے وہ لیے گئے ہیں۔

## زبان اور تحریر

اپنے کام میں گستاخانہ، توہین آمیز، جارحانہ یا امتیازی زبان یا تصاویر شامل نہ کریں - اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو مارکر تحقیقات کریں گے۔

یاد رکھیں کہ تحریری کورس ورک پڑھنے کے قابل ہونا چاہیے۔ مارکرز آپ کے کام کو پڑھنے کے لیے اپنی پوری کوشش کریں گے، لیکن اگر آپ کی تحریر کو پڑھنا بہت زیادہ مشکل ہے تو وہ شاید نمبر نہیں دے سکیں گے۔

### الفاظ کی گنتی

اگر آپ کا کورس ورک کم سے کم یا زیادہ سے زیادہ الفاظ کی گنتی بیان کرتا ہے، تو آپ کو لازمی طور پر اس پر قائم رہنا چاہیے کیونکہ ایسا نہ کرنے پر آپ کو سزا دی جا سکتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے صفحہ 8 پر ' اگر میں قواعد کی خلاف ورزی کروں تو کیا ہو گا ؟' دیکھیں۔

### وسائل کے پرچے (ریسورس شیٹس)

آپ کا ٹیچر یا لیکچرر آپ کو بتائے گا کہ کیا آپ کو اپنے کورس ورک کے حصے کے طور پر ریسورس شیٹ (جسے 'ریسرچ شیٹس' یا 'پروسیسڈ انفارمیشن شیٹس' بھی کہا جاتا ہے) استعمال کرنے کی ضرورت ہے اور وہ آپ کو دکھائے گا کہ اسے کیسے استعمال کرنا ہے۔ اگر آپ کو یقینی طور پر معلوم نہیں ہے کہ کیا آپ کو ریسورس شیٹ استعمال کرنے کی ضرورت ہو گی، تو اپنے ٹیچر یا لیکچرر سے بات کریں۔

اگر آپ کو ریسورس شیٹ استعمال کرنے کی ضرورت ہے، تو یہ واقعی اہم ہے کہ آپ اسے استعمال کرنے کے قواعد کو جانتے ہوں کیونکہ اگر آپ اسے صحیح طریقے سے استعمال نہیں کرتے ہیں تو آپ نمبر کھو سکتے ہیں۔

آپ کو اپنے کورس ورک کے ساتھ لازمی طور پر اپنی ریسورس شیٹ دینی چاہیے۔ اگر آپ ایسا نہیں کرتے ہیں تو آپ اپنے کورس ورک کے 20% نمبر خود بخود کھو دیں گے۔

## اپنا کورس ورک دینا

### اپنا کام چیک کریں

اپنے کورس ورک کو دینے سے پہلے، آپ کو لازمی طور پر اس پر نظر ڈالنی چاہیے اور یہ چیک کرنا چاہیے کہ:

- سب کچھ آپ کا اپنا کام ہے، اور آپ نے اُن معلومات ، خاکوں یا تصویروں کے تمام ذرائع کا صحیح حوالہ دیا ہے جو آپ نے استعمال کیے ہیں
- کوئی گستاخانہ، توہین آمیز یا جارحانہ زبان یا تصاویر نہیں ہیں
- آپ نے اپنے ٹیچر یا لیکچرر کی طرف سے دی گئی ہدایات کے مطابق اپنا کورس ورک مکمل کیا ہے۔

### کام مکمل کرنے کے مقررہ اوقات (ڈیڈ لائنز)

آپ کا ٹیچر یا لیکچرر آپ کے کورس ورک کی ڈیڈ لائنز مقرر کرے گا اور ان پر پورا اُترنا آپ پر منحصر ہے۔ ایسا کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنے کام کو ڈیڈلائن سے پہلے دینے کا ہدف رکھیں۔

اگر کسی ڈیڈ لائن پر پورا اُترنے کے لیے آپ کو مشکل پیش آ رہی ہے تو جلد از جلد اپنے ٹیچر یا لیکچرر سے بات کریں تا کہ یہ دیکھ سکیں کہ وہ مدد کے لیے کیا کر سکتے ہیں۔

### اقرارنامہ (ڈیکلیریشن)

اس سے پہلے کہ آپ کا سکول، کالج یا تربیت فراہم کرنے والا آپ کا کورس ورک مارکنگ کے لیے ہمیں بھیجے، وہ آپ کو دستخط کرنے کے لیے ایک ڈیکلیریشن دیں گے۔ یہ واقعی اہم ہے کہ آپ ڈیکلیریشن کو سمجھتے ہوں۔ اگر آپ کسی چیز کے بارے میں غیریقینی ہیں، تو اپنے ٹیچر یا لیکچرر سے پوچھیں۔ یہ وہ ڈیکلیریشن ہے جس پر آپ کو دستخط کرنے کی ضرورت ہو گی:

میں تصدیق کرتا ہوں کہ:

- میں نے SQA کا آپ کی نیشنل کوالیفیکیشنز (Your National Qualifications) کا کتابچہ پڑھا ہے اور اس کے مندرجات کو سمجھتا ہوں۔
- میں سمجھتا ہوں کہ جہاں میں نے آپ کی نیشنل کوالیفیکیشنز کا کتابچہ میں بیان کردہ قواعد پر عمل نہیں کیا ہے وہاں SQA میرے گریڈز کو کم یا کینسل کر سکتا ہے ۔
- اس ڈیکلیریشن کے ساتھ پیش کردہ تمام کورس ورک میرا اپنا کام ہے جس میں معلومات کے تمام ذرائع کی واضح طور پر نشاندہی کی گئی ہے اور اُنھیں تسلیم کیا گیا ہے۔
- جہاں میں نے کوئی ریسورس شیٹ استعمال کی ہے، میں نے اسے اپنے کورس ورک کے ساتھ جمع کرایا ہے۔

- میں سمجھتا ہوں کہ یہ کورس ورک مارکنگ کے لیے SQA کو پیش کیا جائے گا۔

نوٹ: اگر آپ اپنا کام آن لائن شائع یا شیئر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو آپ کو لازمی طور پر اس بارے میں اپنے سکول یا کالج سے بات کرنی چاہیے۔

### اگر میں قواعد کی خلاف ورزی کرتا ہوں تو کیا ہو گا؟

اگر تحقیقات سے پتا چلتا ہے کہ آپ نے کوئی اصول توڑا ہے، تو سزا دی جا سکتی ہے۔

سزاؤں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- آپ کے نمبر کم کیے جا سکتے ہیں، یا آپ کو صفر نمبر دیے جا سکتے ہیں۔
- اس مضمون کے لیے آپ کی کوالیفیکشن کو کینسل کیا جا سکتا ہے۔
- پورے سال کے لیے آپ کی تمام کوالیفیکشنز کو کینسل کیا جا سکتا ہے۔

### یاد رکھیں

ضرور تمام کام خود کریں
ضرور تمام ذرائع کا صحیح حوالہ دیں
ضرور اپنے کام کو حوالے کرنے سے پہلے چیک کریں
ضرور اپنے کام کو بروقت دیں۔
ضرور کوئی بھی ریسورس شیٹ جو آپ نے استعمال کی ہے دیں
کسی اور کے کام کی کاپی نہ کریں
گستاخانہ، توہین آمیز یا جارحانہ الفاظ یا تصاویر استعمال نہ کریں

## آپ کے 2022 کے امتحانات

آپ امتحان کا ٹائم ٹیبل www.sqa.org.uk/timetable پر دیکھ سکتے ہیں۔ ۔یہ آپ کے امتحانات کی تاریخیں اور اوقات دکھاتا ہے۔

آپ اپنا ذاتی ٹائم ٹیبل بنانے اور دیکھنے، نوٹ شامل کرنے، اور دوسرے کیلنڈرز میں اپنا ذاتی ٹائم ٹیبل شامل کرنے کے لیے SQAکی MyExams ایپ بھی ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔

### وہ سوالات جو اکثر ہم سے امتحانات کے بارے میں پوچھے جاتے ہیں۔

#### پریلمز (ابتدائی امتحانات) کیا ہیں اور کیا میں اس سال کوئی دوں گا؟

پریلم 'پریلمینری ایگزام (ابتدائی امتحان)' کے لیے مختصر لفظ ہے۔ زیادہ تر سکول اور کالج طالب علموں کو ان کے امتحانات کی مشق کرنے میں مدد دینے، ان کی کارکردگی پر رائے دینے، اور اس بات کی نشاندہی کرنے میں مدد دینے کے لیے کہ کوئی طالب علم کورس کے ساتھ کتنی اچھی طرح سے پیش رفت کر رہا ہے، پریلمز کا انتظام کرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔

آپ کا سکول، کالج یا تربیت فراہم کرنے والا یہ فیصلہ کرے گا کہ کیا وہ اس سال پریلم کا انتظام کریں گے اور کب کریں گے۔

#### کیا SQA پریلمز کے نمبر لگاتا ہے؟

نہیں، پریلمز کے دوران آپ جو سوالیہ پرچے حل کرتے ہیں وہ آپ کا سکول، کالج یا تربیت فراہم کرنے والا بناتا ہے اور آپ کے ٹیچرز یا لیکچررز ان کے نمبر لگاتے ہیں۔

#### میرے کورس ورک اور امتحانات کے نمبر کون لگائے گا؟

SQA تمام نیشنل 5، ہائر اور ایڈوانسڈ ہائر کے سوالیہ پرچوں (امتحانات) کے نمبر لگائے گی اور ہم زیادہ تر نیشنل 5، ہائر اور ایڈوانسڈ ہائر کورس ورک کے بھی نمبر لگائیں گے۔ کچھ کورس ورک کی اسیسمنٹ آپ کا ٹیچر یا لیکچرر کرتا ہے اور پھر SQA ان کی مارکنگ چیک کرتی ہے تا کہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ سٹینڈرڈز (معیارات) پر پورا اُترا جا رہا ہے۔

## میں اپنے نتائج کب حاصل کروں گا؟

آپ کو اپنے امتحان کے نتائج منگل 9 اگست کو ڈاک کے ذریعے ملیں گے۔ ہم آپ کے نتائج آپ کے سکول، کالج یا تربیت فراہم کرنے والے کو بھی بھیجیں گے۔ اگر آپ نے UCAS(یونیورسٹی اینڈ کالج ایڈمشنز سروس) کے ذریعے کسی یونیورسٹی یا کالج میں درخواست دی ہے تو وہ بھی آپ کے نتائج وصول کریں گے۔

اگر آپ کو نتائج کے دن اپنا سرٹیفکیٹ بذریعہ ڈاک موصول نہیں ہوتا ہے تو اپنے سکول، کالج یا تربیت فراہم کرنے والے سے رابطہ کریں۔ وہ آپ کو آپ کے نتائج بتا سکتے ہیں اور یہ جاننے کے لیے ہمارے ساتھ کام کریں گے کہ آپ کے سرٹیفکیٹ کا کیا ہوا ہے۔

## MySQA کیا ہے؟

MySQA آپ کا SQA کے ساتھ براہ راست لنک ہے۔ اس میں آپ کی کوالیفیکیشن کی معلومات اور ذاتی تفصیلات ہوتی ہیں اور اگر آپ امتحانات میں بیٹھ رہے ہیں، تو آپ کے نتائج ای میل یا ٹیکسٹ کے ذریعے بھیجے جا سکتے ہیں۔
www.mysqa.org.uk پر سائن اپ کریں۔

## میرے ایک ہی وقت میں دو امتحان ہیں یا اُسی دن ایک کے فوراً بعد دوسرا۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟

سب سے پہلے اپنے سکول، کالج یا تربیت فراہم کرنے والے سے بات کریں۔ وہ آپ کے لیے ممکنہ متبادل انتظامات کو دیکھنے کے قابل ہوں گے۔

## مزید معاونت اور معلومات

ہم اپنی پوری کوشش کریں گے کہ آپ کو اس بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کی جائیں کہ آپ کی کوالیفیکشنز کے ساتھ کیا ہو رہا ہے ۔ آپ کو مارچ 2022 کے آخر تک اسیسمنٹ کے بارے میں مزید معلومات کے ساتھ ایک اور کتابچہ موصول ہو گا، اور آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر تازہ ترین معلومات سے آگاہ رہ سکتے ہیں۔

www.sqa.org.uk/learners

www.sqa.org.uk/nq2022

یہ جاننے کے لیے کہ آپ کو مزید مدد کہاں سے مل سکتی ہے، بشمول اگر آپ بے چینی محسوس کر رہے ہیں تو ان تنظیموں کے لنکس جن سے آپ بات کر سکتے ہیں، ملاحظہ کریں:

www.sqa.org.uk/learnersupport

کیا آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں؟

نومبر 2021